# کمیونٹی الرٹ: ہوائی اڈوں پر امیگریشن گرفتاریوں کے متعلق معلومات

## نیشنل امیگریشن لاء سینٹر کی جانب سے جاری کردہ

یہ معلوماتی دستاویز ان تارکینِ وطن کے لیے سفری حفاظت کے مشورے اور دیگر وسائل فراہم کرتی ہے جو امریکی ہوائی اڈوں کے ذریعے سفر کر رہے ہیں۔

ہم سب کو اپنے پیاروں سے ملنے اور نئی جگہیں دیکھنے کے لیے سفر کرنے کا حق ہونا چاہیے۔ لیکن اس وقت، محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی (DHS) تارکینِ وطن کو نئے اور نقصان دہ طریقوں سے نشانہ بنا رہا ہے۔ امریکی ہوائی اڈوں کے ذریعے سفر کرنا خطرناک ہو سکتا ہے، چاہے آپ کی قانونی امیگریشن کی حیثیت (Status) فعال ہو، زیرِ التوا (Pending) ہو، یا ماضی میں آپ نے بغیر کسی مسئلے کے سفر کیا ہو۔ اسی لیے اب یہ پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے کہ آپ اپنے حقوق کو جانیں اور سفر کے دوران خطرات سے نمٹنے کی تیاری کریں۔

یہ دستاویز آپ کو خطرات سمجھنے اور اپنے اور اپنے خاندان کی تیاری کے لیے سفری حفاظتی نکات اور دیگر ذرائع فراہم کرتی ہے۔

اعلانِ دستبرداری *(Disclaimer):* یہ دستاویز عام معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ آپ کی مخصوص صورتحال کے لیے کوئی قانونی مشورہ نہیں ہے۔ ہم کمیونٹی کے اراکین کو احتیاط برتنے اور اپنے انفرادی کیس کے بارے میں کسی امیگریشن وکیل سے مشورہ کرنے کی سفارش کرتے ہیں۔

### کیا ہو رہا ہے؟

ٹرانسپورٹیشن سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (TSA)، وہ حکومتی ایجنسی جو ہوائی اڈے کی سیکیورٹی سنبھالتی ہے، مسافروں کی معلومات 'امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ' (ICE) کو فراہم کر رہی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جن لوگوں کے پاس قانونی امیگریشن اسٹیٹس نہیں ہے یا جن کا اسٹیٹس غیر یقینی ہے، انہیں امریکہ میں ہوائی اڈے کی سیکیورٹی سے گزرتے وقت گرفتار یا ملک بدر کیا جا سکتا ہے۔

- **یہ کیسے ہوتا ہے؟** ہر ہفتے چند بار، TSA امریکی ہوائی اڈوں سے پرواز کرنے والے لوگوں کی فہرستیں ICE کو بھیجتی ہے۔ ان فہرستوں میں نام، تصاویر اور دیگر تفصیلات شامل ہوتی ہیں۔ *ICE* ان فہرستوں کا اپنے ریکارڈ سے موازنہ کرتی ہے۔ اگر *ICE* کو کوئی ایسا شخص مل جائے جسے وہ نشانہ بنانا چاہتے ہیں، تو وہ اس شخص کو ہوائی اڈے پر گرفتار کرنے کے لیے افسران بھیج سکتے ہیں۔.
- **کیا میری نجی معلومات محفوظ نہیں ہیں؟** عام طور پر، حکومتی ایجنسیوں کے پاس نجی معلومات کے تبادلے کے بارے میں قواعد ہوتے ہیں۔ لیکن *TSA* اور *ICE* دونوں ایک ہی محکمے — ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی — کا حصہ ہیں، اس لیے یہاں وہ قواعد لاگو نہیں ہوتے۔.
- **کیا ICE پہلے ہی ہوائی اڈوں پر لوگوں کو گرفتار کر رہی ہے؟** جی ہاں۔ نیویارک ٹائمز نے 12 دسمبر 2025 کو رپورٹ کیا کہ TSA یہ معلومات ICE کے ساتھ شیئر کر رہی ہے۔ اس سے پہلے بھی ہوائی اڈوں پر ICE کی گرفتاریوں کی اطلاعات ملی تھیں۔ مثال کے طور پر، 25 نومبر کو ICE نے گنی سے تعلق رکھنے والی ایک دادی 'عیساتو ڈیالو' کو لا گارڈیا ایئرپورٹ پر حراست میں لیا، جو اپنے بیٹے سے ملنے جا رہی تھیں۔.

## امریکی ہوائی اڈوں پر ICE کے ہاتھوں گرفتاری کا خطرہ کس کو ہے؟

اگر آپ کی دستاویزات موجود نہیں(Undocumented) ہیں یا آپ کا امیگریشن اسٹیٹس عارضی ہے، تو ہوائی اڈے پر گرفتاری کا نمایاں خطرہ موجود ہے۔ جن لوگوں کے خلاف ملک بدری کے احکامات (Deportation orders) موجود ہیں، انہیں خاص طور پر زیادہ خطرہ ہے۔ تمام غیر ملکی شہریوں کو کسی حد تک خطرے کا سامنا ہے، خاص طور پر وہ لوگ جن کا اسٹیٹس غیر یقینی ہے یا جن کے پاس وہ خطرے کے عوامل ہیں جو ہم یہاں بیان کریں گے۔ آپ کے خطرے کو سمجھنے میں مدد کے لیے مزید معلومات درج ذیل ہیں:

- **پرانے ملک بدری کے احکامات:** اگر آپ کے ریکارڈ پر ملک بدری (deportation) کا کوئی پرانا حکم موجود ہے، تو آپ کو گرفتاری کا بہت زیادہ خطرہ ہے۔ یہ تب بھی سچ ہے جب آپ کو معلوم نہ ہو کہ آپ کے خلاف ملک بدری کا کوئی پرانا حکم تھا یا وہ حکم اس وقت کا ہو جب آپ بچے تھے۔ یہ بات تب بھی لاگو ہوتی ہے اگر آپ کی ملک بدری کا حکم 'فوری ملک بدری' (expedited deportation) کے عمل کے ذریعے دیا گیا ہو۔ جنوب مشرقی ایشیا سے تعلق رکھنے والے 15,000 سے زیادہ افراد کے پاس ملک بدری کے حتمی احکامات موجود ہیں، جو کہ اکثر کئی دہائیاں پرانے ہیں، اور انہیں ملک بدری کے خطرے کا سامنا ہے۔
    - آپ کیسے چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے خلاف ملک بدری کا حکم ہے اگر حکومت نے کبھی آپ کو ایسی دستاویزات دی ہیں جن پر "ایلین رجسٹریشن" نمبر (A-number) درج ہے، تو آپ ایگزیکٹو آفس فار امیگریشن ریویو (EOIR) کی ویب سائٹ پر جا کر آن لائن چیک کر سکتے ہیں یا اس ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں1-800-898-7180:

- **قانونی اسٹیٹس جسے حکومت نے منسوخ کر دیا (یا جلد منسوخ کر دے گی(:** اگر آپ کے پاس عارضی قانونی اسٹیٹس تھا، لیکن حکومت نے اس اسٹیٹس کو ختم یا منسوخ کر دیا ہے، بشمول عارضی محفوظ اسٹیٹس (TPS)، تو آپ کو گرفتاری کا بہت زیادہ خطرہ ہے۔ اس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو 'پیرول' (parole) پر امریکہ میں داخل ہوئے تھے، لیکن اب وہ پیرول اسٹیٹس ختم ہو چکا ہے یا حکومت نے پیرول پروگرام ختم کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر، حکومت نے حال ہی میں نیپال کے لیے عارضی محفوظ اسٹیٹس (TPS) ختم کیا ہے، اور برما کے لیے TPS کی مدت 30 مارچ 2026 کو ختم ہو گئی تھی۔

- **زیرِ التوا درخواستیں (Pending applications) :** ICE ایسے لوگوں کو بھی گرفتار اور حراست میں لے رہی ہے جنہوں نے امریکہ میں امیگریشن اسٹیٹس کے لیے درخواست جمع کرائی ہوئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ نے اسائلم (asylum)، گرین کارڈ (مستقل قانونی رہائش)، یا مستقل تحفظ کی دیگر اقسام کے لیے درخواست دی ہوئی ہے، تب بھی آپ کو ہوائی اڈے پر گرفتاری کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ اس میں امریکہ میں قیام کے دوران اپنے اسٹیٹس کو تبدیل کرنے یا اس میں توسیع کی درخواستیں بھی شامل ہیں۔

- **کوئی بھی مجرمانہ ریکارڈ:** اگر آپ امریکی شہری نہیں ہیں اور آپ کی کبھی بھی کسی جرم میں گرفتاری ہوئی ہے (چاہے کیس ختم ہی کیوں نہ کر دیا گیا ہو)، تو امیگریشن افسران آپ کو گرفتار کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔
    - امیگریشن قانون کچھ چیزوں کو "سزا" (conviction) شمار کرتا ہے چاہے آپ کو بتایا گیا ہو کہ آپ کا کیس بند کر دیا گیا ہے یا آپ کے اعترافِ جرم کی درخواست واپس لے لی گئی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ اس بات کا یقین کرنے کے لیے ملک بدری کے کیسز کا تجربہ رکھنے والا امیگریشن وکیل آپ کی فائل کا جائزہ لے۔

- **گرین کارڈ ہولڈرز:** امیگریشن افسران گرین کارڈ ہولڈرز کو بھی گرفتار کر سکتے ہیں اگر ان کے پاس کچھ مخصوص مجرمانہ سزائیں (خواہ وہ معمولی ہی کیوں نہ ہوں) یا دیگر خطرے کے عوامل موجود ہوں۔ براہ کرم اپنے خطرے کا اندازہ لگانے کے لیے اس موضوع پر NILC کے وسائل کا جائزہ لیں۔

- **DACA ہولڈرز اور موخر کاروائی (Deferred Action) والے دیگر افراد :** ICE نے 'بچپن میں آنے والوں کے لیے موخر کردہ کارروائی' (DACA) اسٹیٹس رکھنے والے متعدد افراد کو حراست میں لیا ہے۔ ہوائی اڈے کے ذریعے سفر کرنا خطرناک ہو سکتا ہے، چاہے آپ کے پاس DACA ہو یاموخر کاروائی ( ڈیفرڈ ایکشن) کی کوئی اور شکل۔ DACA کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، براہ کرم یہ 'Home is Here' ریسورس ملاحظہ کریں۔

## سفری حفاظت کے مشورے

- **ہوائی اڈے پر اپنے حقوق کو جانیں.**
  - ٹرانسپورٹیشن سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (TSA)، کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن (CBP) یا امیگریشن قانون نافذ کرنے والے دیگر افسران کی جانب سے اضافی جانچ پڑتال یا سوالات کے لیے تیار رہیں۔
  - ACLU کے پاس ایک ایسا ذریعہ موجود ہے جو بیان کرتا ہے کہ کیا ہو سکتا ہے اور سوال پوچھے جانے کی صورت میں آپ کے حقوق کی وضاحت کرتا ہے۔
- **اہم دستاویزات کی کاغذی کاپیاں (Physical copies) ساتھ رکھیں، بشمول:**
  - قانونی حیثیت (status) کا ثبوت یا کسی بھی زیرِ التوا درخواستوں کی رسیدیں۔
  - اگر آپ کا کوئی مجرمانہ کیس بند ہو چکا ہے، تو عدالتی احکامات کی تصدیق شدہ نقول۔
- **اپنے آلات (فون، لیپ ٹاپ وغیرہ) کی حفاظت کریں:**
  - اگر آپ موبائل فون یا کسی اور ڈیوائس کے ساتھ سفر کر رہے ہیں، تو ایسے اقدامات کریں کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے اس ڈیوائس کی تلاشی لینا مشکل ہو جائے۔ مثال کے طور پر، ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ اپنی ٹکٹ پرنٹ کر لیں تاکہ جہاز پر سوار ہوتے وقت آپ کو اپنا فون کھولنے کی ضرورت نہ پڑے۔ آپ کو اپنے ای میل اکاؤنٹس سے بھی سائن آؤٹ کر دینا چاہیے۔
  - آپ Freedom of the Press Foundation سے مزید تفصیلی مشورے حاصل کر سکتے ہیں۔
- **حفاظتی منصوبہ (Safety Plan) بنائیں — محض احتیاط کے طور پر.**
  - کسی وکیل اور کم از کم اپنے کسی ایک پیارے کا فون نمبر زبانی یاد رکھیں جو ضرورت پڑنے پر مدد کے لیے دستیاب ہو۔
  - اگر آپ کو گرفتار یا حراست میں لیا جاتا ہے، تو ICE آپ کے کیس کے بارے میں کسی کے ساتھ بھی معلومات شیئر نہیں کرے گی جب تک کہ آپ نے اس مخصوص 'پرائیویسی ویور فارم' (privacy waiver form) پر دستخط نہ کیے ہوں۔ ان میں سے ایک یا زیادہ فارمز پر دستخط کرنے اور انہیں اپنے کسی پیارے کے پاس چھوڑنے پر غور کریں تاکہ حراست کی صورت میں وہ کام آ سکیں۔ پرائیویسی ویور فارم یہاں سے حاصل کریں.
- **والدین کے لیے خصوصی ہدایات:**
  - ICE کی ایک پالیسی ہے جو کہتی ہے کہ حراست میں موجود والدین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے بچوں کے بارے میں فیصلے کریں۔ تاہم، ICE ہمیشہ اپنی پالیسیوں پر عمل نہیں کرتی۔
  - اپنے بچوں کی حفاظت کا ایک طریقہ یہ ہے کہ 'عارضی سرپرستی' (temporary guardianships) قائم کریں تاکہ اگر آپ کو حراست میں لیا جائے تو کوئی قابلِ اعتماد بالغ یا دوست ان کی دیکھ بھال کر سکے۔ چلڈرن تھرائیو ایکشن نیٹ ورک کے اس ذریعے میں مفید معلومات موجود ہیں "Staying Whole: A Love Letter to Immigrant Parents"
- مزید ذرائع کے لیے، براہ کرم NILC کی ریسورس لائبریری ملاحظہ کریں۔